# 18

# تلاش مواد کے طریقے: ویب پر مبنی تلاش

## 18.1 تعارف

انٹرنیٹ دنیا میں معلومات کا سب سے بڑا ذخیرہ بن چکا ہے۔ ہم اسے عالمی کتب خانہ (Global Library) کہہ سکتے ہیں جہاں مختلف زبانوں اور فارمیٹ میں متنوع معلومات ڈیجیٹل شکل میں محفوظ ہیں۔ ویب کے اندر معلومات کا یہ حجم اس قدر بڑا ہے کہ اس کی جسامت کا اندازہ کرنا ممکن نہیں۔ اپنی جسامت اور جمع کر کے رکھنے کے میکانیکی کا طریقہ کی بدولت موزوں اور بہت صحیح ضرورت کی تکمیل کرنے والی معلومات حاصل کرنا بہت مشکل کام ہو گیا ہے۔

اس وسیع ذخیرہ خانہ سے تلاش مواد کے لیے ہم سرچ انجن کا استعمال کرتے ہیں۔ انٹرنیٹ پر ہزاروں سرچ انجن موجود ہیں۔ مثلاً اگر آپ ایچ ٹی ٹی پی: ڈبلیو ڈبلیو۔ دی سرچن جائین لسٹ۔ کام (http://www.thesearchen) پر جائیں آپ کو وہاں ایک درجہ وار سرچ انجن کی فہرست ملے گی۔ فہرست بہ اعتبار زمرہ بنی ہے اور اس میں جملہ مقاصد کے لیے سرچ انجن مختلف دائروں مثلاً حساب کتاب، بلاگس، کتابیں، قوانین اور طب وغیرہ جیسے موضوعات پر مشتمل ہے۔

آپ نے سبق 17 میں اس طریقہ تلاش کے بنیادی تصورات کا مطالعہ کیا ہے۔ اس سبق میں آپ ویب پر معلومات کی تلاش کے مختلف پہلوؤں کو سیکھیں گے۔

نوٹس

## 18.2 مقاصد

اس سبق کے مطالعہ کے بعد اس لائق ہو جائیں گے کہ:

- آسان صفت اور اعلیٰ صلاحیت والے طریقہ تلاش کی وضاحت کرسکیں؛
- کسی ایک عنوان پر بولین منطق کے استعمال کے ذریعہ تلاش کی زنجیر مرتب کرسکیں؛
- ایک ڈائی گرام کی مدد سے اس طرح کے استعمال کے ذریعہ تلاش کی زنجیر مرتب کرسکیں؛
- مختلف ریسرچ انجنوں مثلاً گوگل' یاہو' گوگل اسکالر کی شناخت کرسکیں؛
- انٹرنیٹ پر مختلف قامی زباوں میں موجود سرچ انجنوں کی شناخت کرسکیں؛
- مخصوص زمروں، مثلاً نقشہ جات، تصاویر میں تلاش کو مثال سے سمجھا سکیں؛ اور
- عین ضرورت کے مطابق نتیجہ حاصل کرنے کے لیے تلاش کی زنجیر میں ردوبدل کرسکیں۔

## 18.3 تلاش کے مقاصد

لوگ ویب پر مختلف مقاصد کے لیے معلومات تلاش کرتے ہیں۔ معلومات کی تلاش کے عمل کو شروع کرنے کا سب سے عمدہ طریقہ قاری کی معلومات کی ضرورت کی صراحت کرنا ہے۔ معلومات کی ضرورت کا مفہوم ایک فرد یا گروہ کی واضح یا غیر واضح ضرورت کی تشفی کے لیے معلومات کی نشاندہی کرنا ہے۔ اس موضوع کا ایک جائزہ چاہتا ہے یا ایک بھر پور تلاش، ایک فوری حوالہ، یا حقائق یا پھر موضوع پر تفصیلی مطالعہ چاہتا ہے۔ ایک بار ضرورت کا تعین ہو جائے تو درکار معلومات رکھنے والے کے ذریعہ ایک ماخذ منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اس وقت ایک تلاش کی حکمت عملی بنائی جاسکتی ہے جس میں مختلف ماخذ موجود ہوں گے۔ ماخذوں کا ایک وسیع سلسلہ موجود ہے۔ جو مطلوبہ معلومات کرنے میں معاون ہے۔

### 18.3.1 سرچ انجن

یہ ایک سافٹ وئیر یا کمپیوٹر کی زبان میں پروگرام یا طریقہ عمل ہوتا ہے جو تلاش کے لیے استعمال کی مدد سے مختلف ویب سائٹوں یا مقامات پر تلاش کرتا ہے۔ انٹرنیٹ سرچ انجن ویب پر مخصوص نوعیت

## تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش

کے مقامات ہوتے ہیں جو دوسرے مقامات کی معلومات کی شناخت کے واسطے بنائے جاتے ہیں۔
مختلف سرچ انجنوں کے کام کرنے کے طریقے مختلف ہوتے ہیں لیکن یہ سب تین بنیادی کام کرتے ہیں۔

- یہ اہم الفاظ کی بنیاد پر انٹرنیٹ پر یا انٹرنیٹ کے منتخب حصوں میں تلاش کرتے ہیں۔
- جن الفاظ کو تلاش کر لیتے ہیں اور جہاں تلاش کرتے ہیں اس کا اشاریہ تیار رکھتے ہیں۔
- اشاریہ میں سے متلاشی کو اس لفظ کے دوسروں کے ساتھ موجودگی کو دیکھنے کی سہولت دیتے ہیں۔

### 18.3.2 ویب تلاش کے اقسام

معلومات کی ضرورت کی تعریف اس طرح کی گئی ہے کہ ''ایک فرد یا گروہ کی خواہش معلومات کی اور اس کے حصول کی نشاندہی تاکہ اپنی شعوری یا غیر شعوری ضرورت کی تشفی کر سکے''۔ یہ وہ محسوس کی گئی معلومات کی ضرورت ہے جو قاری کو ایک تخزیج معلومات نظام کے استعمال کی جانب پہلے راغب کرتی ہے۔ ویب پر تلاش کے لیے محسوس کی گئی ضرورت تین قسم کی ہوسکتی ہیں:

(i) نیویگیشنل تلاش تعین سمت تلاش

(ii) معلوماتی تلاش


(iii) کاروباری تلاش

#### (i) نیویگیشنل تلاش (تعین سمت تلاش)

نیویگیشنل تلاش بنیادی لفظ کے واسطے سے تلاش ہے جس میں متلاشی ایک مخصوص ویب سائٹ یا مقام پر پہنچنا چاہتا ہے یا کسی خاص مقام کے ویب صفحہ پر جانا چاہتا ہے یعنی یہاں وہ ایک ویب سرچ انجن استعمال کرتا ہے تاکہ ایک ویب سائٹ پر پہنچ سکے۔ مثال کے طور پر اگر آپ ''ہندوستان کے صدر'' کی ویب سائٹ پر پہنچنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے آپ ایک سرچ انجن مثلاً گوگل میں صرف ''ہندوستان کے صدر'' ٹائپ کریں اور اور یب میں تلاش کریں۔ گوگل کے ذریعہ دی گئی فہرست میں دوسری کڑیوں کے ساتھ ایک کڑی ہے ہندوستان کے صدر ویب سائٹ۔ صرف کڑیوں پر کلک کرے یا بٹن دبانے سے آپ ویب سائٹ پر پہنچ جائیں گے۔
اس تلاش کا نتیجہ شکل 18.1 میں دیا ہے۔



نوٹس





شکل 18.1 گوگل سرچ میں ہندوستان کے صدر کے عنوان پر تلاش کا نتیجہ

### (ii) معلوماتی تلاش

اس تلاش کا مقصد کسی معلومات کا حصول اس تصور کے ساتھ ہو کہ یہ انٹرنیٹ پر دستیاب ہے۔ اس قسم کی تلاش علمی مواد کے لیے ہوتی ہے۔ اور یہ تلاش مطالعہ کے دوران تحقیق کے کاموں میں اور دوسری ضرورتوں میں جہاں بھی علمی معلومات کی ضرورت ہو، کی جاتی ہے، مثلاً ایک شخص کو کتب خانہ اور معلوماتی علم میں ملازمت کے مواقع کی معلومات کی ضرورت ہے جب یہ سوال گوگل سرچ انجن پر ویب میں ڈالا جاتا ہے تو تلاش کے نتیجہ میں ایک فہرست ملتی ہے جو پورے ویب میں 42400 ہٹ (نشان) پر مشتمل ہے۔ نتیجہ کو شکل 18.2 میں دکھایا لیا ہے۔

ان نتائج کے تجزیہ سے معلومات ہوتا ہے کہ یہ فہرست مختلف ویب سائٹوں کے حوالے دیتی ہے۔ یہ ویب سائیٹیں مختلف تعلیمی، تحقیقی کاروباری اور دوسرے بہت سے اداروں اور تنظیموں کی ہیں۔ مخصوص نوعیت معلوماتی نظام مثلاً ایل سی اوسی (LCOC)، پب مڈ (Pub Med) کسی خاص کتب خانہ کا او پیک یا اسی طرح کے دوسرے ذرائع بھی اس زمرہ میں آتے ہیں۔




شکل:18.2:لائبریری اور انفارمیشن سائنس میں کیریر کے موضوع پر گوگل سرچ کا سرچ نتیجہ

## (iii)امور کی تلاش

اس تلاش کا مقصد ایک ایسی ویب سائٹ پر پہنچنا ہے کہ وہاں سے مزید تعامل یا کچھ دیگر سرگرمیاں (ڈاؤن لوڈنگ کرنا ہوتا ہے۔ اس طرح کی تلاش کا مقصد خریداری وغیرہ یا مختلف قسم کی فائلوں کو حاصل جیسے تصاویر کی فائل، گانوں کی فائل یا فلموں کی فائلا ورمختلف ویب کے ذریعہ گیمنگ وغیرہ کی خدمات مثلا ایک شخص ویب سائٹ پر اس لیے جاسکتا ہے تا کہ وہ آن لائین ٹکٹ برائے ہوائی جہاز ریل یا بس یا فلموں کے لیے ٹکٹ خرید سکے۔

ویب سائٹ پر تلاش مواد جس کا اصل مقصد کسی دوسری ویب سائٹ پر پہنچنا ہوتا ہے یا لین دین یا تجارتی ہوتا ہے عام قسم کی تلاش ہے۔ لیکن معلومات کے لیے تلاش کے کام میں ایک خاص سطح کے علم



نوٹس

اور مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔

## متن پر مبنی سوالات 18.1

1۔سرچ انجن کی تعریف بیان کیجیے۔

2۔انٹرنیٹ پر معلومات کی تلاش کے مقصد کو بیان کیجیے۔

## 18.4 انٹرنیٹ پر معلومات کی تلاش


انٹرنیٹ پر معلومات کی تلاش ایک ہنر بھی ہے اور ایک سائنس بھی۔انٹرنیٹ پر اپنی ضرورت کی معلومات حاصل کرنے میں مہارت بھی حاصل کرسکتا ہے۔معلومات عام قسم کی ویب سائٹوں۔ ڈیٹا بیس مجموعہ حقائق ، کتابیں ، نقشے ، رسائل کے مضامین ،سمعی وبصری مواد،ملٹی میڈیا وسیلہ ابلاغی کثیر مثبت یا کسی اور درکار موضوع کی شکل میں مل سکتی ہیں۔ چونکہ انٹرنیٹ پر معلومات مختلف شکلوں میں ہوتی ہیں، کسی ایک قسم کے تلاش کے طریقہ سے یا صرف ایک سرچ انجن سے تلاش کرنا ممکن نہیں ہے۔آپ نے سبق 17 میں تلاش کے عمل تلاش کے طریقہ کے مختلف پہلوؤں اور تلاش کی زنجیر یا سوال بنانے کا مطالعہ کیا ہے۔اس سبق میں ہم ان پہلوں کوانٹرنیٹ سے معلومات حاصل کرنے کے لیے عمل میں لائیں گے۔ہم معلومات کوآسان، یا اعلیٰ سطحی طریقہ تلاش سے معلومات تلاش کرسکتے ہیں جیسا کہ ذیل میں واضح کیا گیا ہے۔

### 18.4.1 آسان تلاش کی تکنیک

انٹرنیٹ پر معلومات کی تلاش کا آسان طریقہ تلاش جو ابتدائی درجہ کے لوگوں کے واسطے ہو اس کے تحت ہم بنیادی الفاظ منتخب کرتے ہیں اور ایک آسان زنجیر یا سوال تشکیل دیتے ہیں۔ جب یہ سوال کسی سرچ انجن پر ڈالا جاتا ہے تو وہ ان تمام وسائل کے حوالوں کی فہرست دیتا ہے جن میں یہ بنیادی الفاظ ہوتے ہٰیں۔ یہ بنیادی الفاظ مود کے کسی حصہ میں ہوسکتے ہیں جیسے عنوان،متن کے اندر یا کہیں اور بھی۔ چونکہ انٹرنیٹ پر معلومات کا حجم بہت زیادہ ہے۔آسان طریقہ تلاش میں سرچ انجن بڑی تعداد میں حوالے فراہم کردیتا ہے۔ مثال کے طور پر ''ڈبلیو۔ ڈبلیو۔ گوگل کام'' (www.google.com) پر


ایک تلاش کی گئی جس میں تلاش کی زنجیر سکنڈری کے بعد پیشوں کا انتخاب تھا۔اور نتیجہ میں 4460000 حوالے نظر آئے۔شکل نمبر 18.3 اس تلاش کا نتیجہ دکھا رہی ہے۔






شکل 18.3 گوگل پر سینئر سیکنڈری کے بعد کیریر کا انتخاب تلاش کرنے کا سرچ نتیجہ

مزید برآں، جب اسی تصور کو دوبارہ مرتب کیا گیا ''پیشہ کا انتخاب بارہویں کے بعد'' اور اسی سرچ انجن یعنی گوگل میں تلاش کیا گیا تو تقریباً 8580000 حوالے دکھائے گئے۔شکل 18.4 اس سوال کا نتیجہ دکھاتی ہے۔





شکل 18.4: گوگل پر 12 ویں کے بعد کیریر کا انتخاب تلاش کرنے کا سرچ نتیجہ



نوٹس

## 18.4.2 اعلیٰ سطحی طریقہ تلاش

یہ تلاش کے وہ میکانکی طریقے ہیں جو بالکل صحیح نتیجہ تلاش کرنے کے لیے دوسرے پیمانہ الفاظ کا استعمال کرتے ہیں۔ پچھلے سبق میں آپ صحیح نتیجہ نکلنے کے لیے زنجیر یا تلاش کی کڑی بنانے کے لیے مختلف عامل آپریٹر اور پیمانہ کے استعمال کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ چنانچہ یہ ہدایت دی جاتی ہے کہ متلاشی کوایک خاص سرچ انجن کے ذریعہ دیئے گئے رہنما اصولوں پر عمل کرنا چاہیے اور اسی کے مطابق سوال کو مرتب کرنا چاہیے۔ مزید تلاش کے نتائج میں حوالوں کی تعداد کو کم کرنے کے لیے مزید پیمانے شامل کریں۔ مثال کے طور پر ہم نے اپنے سوال ''پیشہ کا انتخاب بعد سینئر سکنڈری'' کے لیے گوگل ایڈوانس کو ایچ ٹی ٹی پی : ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو گوگل ایڈوانسڈ تلاش کا انتخاب کیا ہے۔ گوگل ایڈوانسڈ زیادہ موزوں نتیجہ کے واسطے اور تلاش کو محدود کرنے کے لیے پیمانہ فراہم کرتا ہے۔ ان پیمانوں پر تلاش کے نتیجہ میں 379000 حوالے موصول ہوئے۔ سوال کو شکل 18.5 ہے اور نتیجہ شکل 18.6 میں دکھایا گیا۔





شکل:18.5: گوگل اسکالر میں داخل سینئر سیکنڈری کے بعد کیریر انتخاب، پر سوال:




نوٹس

## تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش




شکل نمبر18.6: گوگل اسکالر کے ذریعہ سینئر سیکنڈری کے بعد کیریر کے انتخاب کے لیے کیے گئے سوال کا نتیجہ

اسی تلاش کو دو بارہ مرتب کیا اور مزید پیمانے شامل کیے گئے۔ بنیادی الفاظ جو زنجیر میں تھے وہ شکل 18.7 میں دکھائے گئے ہیں۔ ان کے ذریعہ ہمیں 49000 حوالوں کی فہرست ملی۔ اس سے ایڈوانس سرچ انجن کے ذریعہ زیادہ پیمانوں کے شامل کرنے کے اثرات واضح ہوتے ہیں۔




شکل نمبر18.7: پیرامیٹروں کا استعمال کرتے ہوئے گوگل اسکالر میں سینئر سیکنڈری کے بعد کیریر انتخاب کا سوال

## متن پر مبنی سوالات 18.2


1۔ آسان طریقہ تلاش کی تعریف بیان کیجیے۔

2۔ اعلیٰ سطحی طریقہ تلاش کی وضاحت کیجیے۔

## 18.5 بولین منطق

بولین منطق اور ان کے توضیحی الفاظ آپریٹر پر پچھلے سبق میں بحث کی جا چکی ہے۔آیئے اب چند تلاش مواد زنجیر/کڑیاں مرتب کریں اور انہیں انٹرنیٹ پر تلاش کا عمل کرکے منطق کے اثرات دیکھیں۔گوگل نے بولین توضیحی الفاظ آپریٹروں ''اور'' ''یا'' ''نہیں'' اور دوسرے توضیحی الفاظ کے استعمال کے لیے رہنما خطوط ایک ٹی پی سپورٹ گوگل کام/ ویب سرچ / بن/ آنسر۔ پی وائی ؟ ایچ ایل =ای این اور آنسر=136861- گوگل استعمال کرنے سے پہلے تلاش کے بہتر نتیجہ کے لیے رہنما خطوط کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

ہم پہلے والی تلاش پیشہ کا انتخاب بعد، اور سینئر سکنڈری، یا 12 جس کے ساتھ زبان کا پیمانہ انگلش'' اور خطہ ''ہندوستان'' کے طور پر اسی تلاش کو وضع کیا تو ہمیں صرف چار حوالوں کی فہرست ملی۔ یہ نتیجہ شکل نمبر 18.8 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل نمبر 18.8: لسانی پیرامیٹر ''انگلش'' اور خطہ 'انڈیا' کے ساتھ سینئر سیکنڈری یا 12 ویں کے بعد کیریر انتخاب سوال کا سرچ نتیجہ



نوٹس

## متن پر مبنی سوالات 18.3

1۔ بولین منطق میں ''اور'' (AND) کا کیا مقصد ہے؟
2۔ بولین منطق میں ''یا'' (OR) کے مقصد کی نشاندہی کیجیے۔
3۔ بولین منطق میں ''نہیں'' (Not) کے مقصد کو واضح کیجیے۔

## 18.6 انٹرنیٹ پر سرچ انجن

انٹرنیٹ پر سیکڑوں سرچ انجن/تلاش مواد انجن موجود ہیں۔ بہت ساری ویب سائٹیں ہیں جو ان سرچ انجنوں کے بارے میں مطالعے اور تجزیئے فراہم کرتی ہیں جو انٹرنیٹ پر مصروف کار ہیں۔ مزید جانکاری کے لیے آپ ایچ ٹی ٹی پی : ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو دی سرچ انجن لسٹ کام/دیکھ سکتے ہیں۔ چونکہ سرچ انجنوں اور فہرست اور ان کی خدوخال دینا عملاً ممکن نہیں ہے۔ منتخب سرچ انجن کی فہرست مع ان کے مختصر تعارف اور زمرہ ذیل میں دی جاتی ہے۔

| سرچ انجن | تفصیل |
|---|---|
| گوگل | گوگل: دنیا کا سب سے مقبول سرچ انجن مائیکرو سافٹ کا ویب سرچ انجن |
| بنگ (Bing) سرچ | ابھرتے ہوئے سرچ انجن مارکیٹ میں مائدو سافٹ کا داخلہ دیرآید درست آید |
| یاہو سرچ Yahoo | یاہو! سرچ ویب پر دوسرا سب سے بڑا سرچ انجن ہے (بحوالہ نیل سن نٹ ریٹنگ رپورٹ ستمبر 2000۔ |
| لیکس نکیس (Lexis Nexis) | اس کا دعویٰ ہے کہ یہ دنیا کا پبلک ریکارڈ (غیر مطبوعہ اور بزنس معلومات) کا سب سے بڑا ذخیرہ ہے قابل تلاش تحفظی ذخیرہ برائے اخبارات سرکاری ریکارڈ وغیرہ کا۔ |

## تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش

| | |
|---|---|
| ڈیزل پوائنٹ (Disel Point) | ڈیزل پوائنٹ: تلاش اور رہنمائی ۔ یہ اعلیٰ سطحی متن مکمل تلاش مع رہنمائی برائے ڈیٹا صلاحیت یہ متلاشی کو نہایت موزوں نتیجہ فراہم کرتا ہے جو دوسرے روایتی سرچ انجن یا ڈیٹا ایس کیوایل سے ممکن نہیں ہے۔ |
| اوریکل سیکور انٹر پرائز سرچ انجن log پر | اور یک ایک اکیلا انجن ہے جو ایک لائق بھروسہ، اعلیٰ سطحی، استعمال میں آسان، جملہ صنعتوں کی معلومات کا مجموعہ فراہم کرتا ہے۔ |
| سیپ (SAP) | سیپ نٹ ویورسرچ اور درجہ بندی (TREX) پر یہ مرتب اور غیر مرتب ڈیٹا دونوں میں معلومات حاصل کرتا ہے ٹریکس سیپ کو مواد علمی کے بڑے ذخائر کو درجہ بندی اور تلاش کے طریقے فراہم کرتا ہے۔ |
| ٹیرائلکسٹ سوٹ | بیشتر علمی مواد نیم مرتب اور بنیادی طور پر متن پر مبنی مواد کی شکل میں ہوتا ہے اور یہ مرتب اور منظّم مجموعہ کی شکل میں نہیں ہوتا ٹیرائکٹ متن سے بھرپور ڈیٹا ذخائر کے لیے بنایا گیا ہے۔ |
| وی وی سیمو (Vi Vi Simo) | وی وی سیموکلسٹرنگ انجن: سائنس دانوں کے ذریعہ مرتب قواعد اعداد کے مطابق اور لسانیات کے گہرے علم کے ساتھ تلاش کی اصطلاحات میں تعلقات معلوم کرنے کے لیے اور انہیں روشنی میں لانے کی بنیاد پر مبنی ہے۔ |
| گروجی،کام | بیرمی نظام حق ملکیت الگورزی کے ذریعہ اور ہندوستانی سیاق میں ہندوستانی صارفین کو بہتر نتائج فراہم کرنے پر فوکس کرتا ہے۔ |
| ریڈف،کام (rediff. com) | ریڈف: انڈیا۔ ہندوستان کی نہایت ممتاز انٹرنیٹ پورٹل ہے جس سے خبریں ڈاک، پیغام، تفریح، تجارتی امور، موبائل، لین دین، خریداری سامان نیلامی عمل، تلاش کھیل کود وغیرہ دستیاب ہیں۔ |
| نوکری. کام (Naukari. com) | نوکری، کام (انڈیا) ۔کل ہندوستان مرکوز تلاش ملازمت انجن |

## تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش

| | |
|---|---|
| ویب میڈ(Web MD) | ویب میڈ صحت سے متعلق معلومات کا ذریعہ علامت کی چیک لسٹ دواؤں سے متعلق معلومات، اور ایک ایسا مقام جہاں اپنی ذاتی صحت سے متعلق معلومات جمع کی جاسکیں۔ امریکہ کے صحت سے متعلق رولیں پورٹل کے طور پر اس پر ہر ماہ 40 میلین بار تلاش ہوئی ہے۔ |
| یوٹیوب(You Tube) | یوٹیوب: گوگل کی ملکیت ہے یہ دنیا کا سب سے بڑا معلوماتی وسائل کا (سائٹ) مقام تلاش ہے۔ یہ صرف یوٹیوب کے ویڈیو کے ذریعہ تلاش کا عمل کرسکتا ہے۔ |
| فائنڈ ساؤنڈس (Find Sounds) | سرچ انجن جو ہر طرح کی آواز فائل کو تلاش کرسکتا ہے: ویو، (WAV) ایم پی AIFF3، AU نمونے کی سرچ سے اور کوالٹی ...... کے ذریعہ تلاش کرتا ہے...... اس طرح کی آوازوں کو پیدا کرنے کا ایک بڑا مرکز ہے۔ |
| آسک، کام (ASK) | آسک جیوز (Ask , Jeevgs) یہ روزانہ پوچھے جانے والے سوالوں کے جواب حاصل کرنے میں استعمال کنندہ کی آسانی کے لیے لیے ترتیب دیا گیا تھا۔ یہ ویب کے لیے اولین ایسا تجارتی سطح پر دستیاب ہے۔ سوال جواب سرچ انجن تھا۔ |

### متن پر مبنی سوالات 18.4

1۔ ویب ایم ڈی (WebMD) کے خدو خال کیا ہیں؟

2۔ سرچ انجن ''آسک جیوز'' کی وضاحت کیجیے۔


3۔ ڈیزل پوائنٹ کے خدوخال لکھیے۔

## 18.7 سرچ انجن اور وسائل کے زمرے

انٹرنیٹ پر موجود سرچ انجنوں نے وسائل کے شکل وشباہت یا اقسام کے مطابق زمرے بنا لیے ہیں۔ مثال کے طور پر گوگل نے وسائل کو نقشہ، تصویر، خبریں، اسکالر، علمی وغیرہ زمروں میں تقسیم کرلیا ہے۔ ان زمروں کی تفصیل ایچ ٹی ٹی پی ://ڈبلیو ڈبلیو، ڈبلیو، گوگل . کام/ان/انٹا،/این/اباوٹ /پروڈکٹ پر دستیاب ہے۔

ان زمروں کے اندر ویب پر معلومات کی تلاش بہت موثر ہوگئی ہے کیونکہ اب مخصوص زمرہ تلاش کرنا ہے۔ گوگل سرچ انجن کی اس خصوصیات کے استعمال کے ذریعہ ایک تلاش لی گئی تا کہ نتیجہ سے حاصل انجن کی صلاحیت معلوم ہوسکے۔ سوال تھا این آئی ایس، نویڈا اتر پردیش، انڈیا، حاصل نتیجہ ذیل میں ہے۔


(a) نقشہ کے زمرہ میں ہمیں این آئی او ایس، نویئڈا، اتر پردیش، انڈیا کی جگہ ملی




شکل نمبر 18.9: نقشے کے زمرہ میں NIOS، نویئڈا انڈیا کا گوگل سرچ آؤٹ پٹ


(b) تصویر کے زمرہ کے تحت ہمیں تلاش کے نتیجہ میں وہ وسائل ملے جن میں این آئی او ایس کی تصاویر ہیں۔

## تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش




شکل:18.10:شبیہ زمرے میں NIOS، NOIDA انڈیا کا گوگل سرچ آؤٹ پٹ

(c)اسکالر زمرہ میں 38 نشانات ملے این آئی او ایس، نوئیڈا، انڈیا۔ مضامین کی موزونیت کا انداز کرنے کے بعد یہ معلوم ہوا کہ مضامین کے متن میں یہ زنجیریں/کڑیاں تھیں





شکل:18.11:اسکالر زمرے میں India، NOIDA، NIOS کا گوگل سرچ آؤٹ پٹ



نوٹس

## تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش

ویب زمرے کے تحت India، NOIDA، NIOS کے لیے 293,000 ہٹس تھے، ان میں بعض حوالوں کی تشخیص کے بعد، ہم نے پایا کہ اسٹرنگ کی تمام اصطلاحات ویب صفحات کے متن میں پائی گئیں۔




شکل نمبر:18.12

ان نتائج کا تجزیہ دکھاتا ہے کہ سرچ کی ضرورت کے مطابق ہمیں موثر نتائج حاصل کرنے کے لیے سرچ پر مبنی زمرے کا اہتمام کرنا چاہیے، زمرے کا فیصلہ سرچ کی ضرورت کی بنیاد پر کیا جانا چاہیے۔

## 18.8 سرچ انجن مقامی زبانوں میں

اگر ہم ایک کتب خانہ کے نقطہ نظر سے دیکھیں تو انٹرنیٹ دنیا کا سب سے بڑا کتب خانہ ہے۔ انگریزی کے علاوہ دوسری زبانوں میں سیکڑوں بلکہ ہزاروں وسائل انٹرنیٹ پر موجود ہیں۔ ''یونی کوڈ'' کی ایجاد کے بدولت ویب پر رکھنے لائق وسائل مختلف زبانوں میں وجود میں لا کر انٹرنیٹ پر درج کر دیے جاتے ہیں۔ اس

لیے اب سرچ انجن مقامی زبانوں کو استعمال کر کے تلاش مواد کی سہولت فراہم کر رہے ہیں۔ مثلاً گوگل کو ان (Google.co.in) جو ہندوستان میں ڈیفالٹ صفحہ ہے انگریزی کے علاوہ ہندی، بنگالی، تیلگو، مراٹھی، تامل، گجراتی، کنڑ، ملایالم اور پنجابی میں تلاش مواد کی سہولت دیتا ہے۔ سرچ انجن کی صلاحیت کا لوگ اپنی زبان میں استعمال کر کے اندازہ کر سکتے ہیں۔ گوگل کے بلاگ کا کہنا ہے کہ گوگل چالیس زبانوں میں تلاش کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ اس لیے مختلف زبانوں کے افراد معلومات کی تلاش کے لیے سرچ انجن کو انٹرنیٹ سے معلومات کے لیے اپنی زبان میں استعمال کر سکتے ہیں۔

نوٹس

## متن پر مبنی سوالات 18.5

1۔ گوگل اسکالر کس طرح معلومات کا احاطہ کرتا ہے؟

2۔ چندان ہندوستانی زبانوں کے نام لیجیے جن میں گوگل تلاش مواد کر سکتا ہے۔

## 18.9 انٹرنیٹ پر اثر تلاش


سرچ انجن سے قابل بھروسہ نتیجہ پانے کے لیے متلاشی کو سرچ انجن کے خدوخال اور کام کرنے کے طریقے کی جانکاری ہونی چاہیے۔ انٹرنیٹ پر موجود تقریباً جملہ سرچ انجن کو صحیح الفاظ/اور معلومات کی تلاش شروع کرنے سے پہلے آپریٹر ایک یا دوسری صورت میں استعمال کرتے ہیں۔ تلاش کی زنجیر مرتب کرنے سے پہلے سرچ انجن میں استعمال توضیحی الفاظ درکار کریکٹر بیونت کے اشارات اور علامات یا سرچ انجن کے ذریعہ استعمال ہونے والے متلاشی کو کسی آلے کے بارے میں پہلے سمجھنا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے مشورہ یہ ہے کہ متلاشی مواد سرچ انجن کے ذریعہ دی گئی ویب کے لیے رہنما خطوط دیے گئے ہیں (ایچ ٹی ٹی پی:// سپورٹ، گوگل . کام/ ویب سرچ / ایچ ایل=این)

''تلاش کے اشارات'' اور ''ایکسپلور گوگل سرچ'' دو اہم سیکشن ہیں جو انٹرنیٹ پر نتیجہ خیز تلاش میں معاون ہوتے ہیں۔ دوسرے سرچ انجن مثلاً ''یاہو'' آسک ''بنگ'' وغیرہ بھی متلاشی کو نتیجہ خیز تلاش کی مدد فراہم کرتے ہیں انٹرنیٹ پر تلاش کے عمل سب سے بہتر طور پر ایک ڈائیگرام کی مدد سے بیان کیا جاتا جا سکتا ہے۔

# تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش



نوٹس




عمل تلاش کا تصویری نقشہ 18.13

نقشہ نمبر 18.13 معلومات کی تلاش کے سات اقدام کے ذریعہ تلاش کے عمل کو پیش کرتا ہے۔

پہلا قدم: اس جملہ تصور کی شناخت کیجیے جس پر آپ تلاش کرنا چاہتے ہیں۔ چند بنیادی الفاظ مضمون کے توضیحی الفاظ اور جملے، اور معلومات کا ذریعہ جس کو آپ تلاش کر رہے چنیے۔

دوسرا قدم: تصور اصطلاح، فقرہ ان کے مترادفات اور ان سے متعلق اصطلاحات یا مضمون کو بنیادی الفاظ میں تبدیل کریں۔

تیسرا قدم: معلومات کا دائرہ جس میں تلاش کا عمل کیا جائے گا اس کا انتخاب کیجیے۔ مثلاً آپ کا کتب خانہ اوسی ایل سی، LISA,Pub Med، وغیرہ یا انٹرنیٹ پر کوئی مناسب سرچ انجن کا انتخاب کیجیے۔

چوتھا قدم: توضیحی الفاظ اور نشان جو معلومات کے دائرہ کا سرچ انجن استعمال کرتا ہے اس کی نشاندہی کیجیے۔

پانچواں قدم: تلاش مواد کی زنجیر کی تشکیل توضیحی الفاظ اور/ یا تعلق بنانے والے الفاظ استعمال کر کے بنائیے اور تلاش شروع کیجیے۔

چھٹا قدم: نتیجہ کی مناسب کا اندازہ کیجیے، تلاش میں متبادل اصطلاح شامل کر کے تلاش میں ترمیم کیجیے۔ مضمون یا عنوان کے دائرہ کو وسعت دیجیے اور دوسرے متغیرہ مثلاً۔ تاریخ اشاعت، زبان،

نوٹس

صورت وسیلہ جوسرچ انجن میں مہیا وغیرہ۔

ساتواں قدم: تلاش کے نتیجہ کومتلاشی کے لیے پسندیدہ شکل میں پیش کیجیے۔

یہ ساتواں قدم متلاشی کو انٹرنیٹ سے معلومات حاصل کرنے کا ماہرین بنا دیں گے۔ تلاش کے سوال سے تجربہ، سوال میں موجود اصطلاحات کا ردوبدل، ہرسوال کے سلسلے میں نشانات کے ایک مجموعہ کا استعمال، ہرسوال کے نتیجہ کا تجزیہ اور زنجیر کی تبدیلی کے نتیجہ میں پڑنے والے اثرات، یہ سب متلاشی کوانٹرنیٹ پر معلومات حاصل کرنے کا ماہر بنا دیں گے۔

اس بات کی ہمیشہ سفارش کی جائے گی کہ متاثرکن اور موزوں نتیجہ پانے کے لیے کم از کم دو سرچ انجن کا استعمال کرنا چاہیے۔

## آپ نے کیا سیکھا

- انٹرنیٹ دنیا میں معلومات کا سب سے بڑا ذخیرہ ہے۔ یہ ہرقسم کی معلومات عددی شکل میں جمع کرتا ہے۔
- انٹرنیٹ سے معلومات تلاش کرنے کے تین خاص مقاصد ہیں(a) نیویگشنل (تعین سمت تلاش) (b) معلوماتی تلاش(c) کاروباری تلاش
- انٹرنیٹ پر معلومات کی تلاش ہنر بھی ہے اور علم بھی ہے۔
- آسان طریقہ تلاش نئے افراد کے لیے انٹرنیٹ پر معلومات حاصل کرنے کا میکانکی طریقہ ہے۔ اس سے پہلے ایک انجن کا انتخاب کرنا ہوتا ہے اور اس میں آسان ضروری معلومات داخل کر کے تلاش کرتے ہیں۔
- اعلیٰ سطحی طریقہ تلاش ایک میکانکی عمل ہے جس میں توضیحی الفاظ اور دوسرے پیمانے کا استعمال ہوتا ہے۔
- اعلیٰ سطحی سرچ تکنیک ایک میکانیت ہے جہاں جامع نتائج حاصل کرنے کے لیے سرچ انجنوں کے ذریعہ فراہم کردہ آپریٹرس اور دیگر پیرامیٹرس کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔
- بولین منطق میں ''اور'' یا ''نہیں'' بطور توضیحی الفاظ استعمال ہوتے ہیں تاکہ تلاش کے لیے تصور کی زنجیر کا اظہار کیا جاسکے جوسرچ انجن سمجھ سکے۔



نوٹس

## تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش

- انٹرنیٹ پر بہت سے سرچ انجن ہیں۔ ہم اپنی ضرورت کے مطابق موزوں سرچ انجن کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
- اچھا نتیجہ برآمد ہونے کے پیش نظر سرچ انجنوں نے معلوماتی وسائل کو مختلف زمروں میں مثلاً نقشہ، تصویریں، کتابیں مضامین وغیرہ میں تقسیم کر رکھا ہے۔
- انٹرنیٹ پر معلوماتی وسائل انگریزی زبان کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی دستیاب ہیں۔ اس طرح سرچ انجن ہندوستانی زبانوں مثلاً تامل، ملیالم، بنگلہ وغیرہ میں بھی موجود ہیں۔

## اختتامی سوالات

1۔ انٹرنیٹ پر سرچ انجن کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟
2۔ انٹرنیٹ پر تلاش مواد کے مقاصد بیان کیجیے۔
3۔ اعلیٰ سطحی تلاش طریقہ کے خدوخال پر بحث کیجیے۔
4۔ بولین توضیحی الفاظ/آپریٹر کیسے کام کرتے ہیں؟
5۔ مقامی زبانوں میں سرچ انجن سے کیا مراد ہے؟
6۔ انٹر پر نتیجہ خیز تلاش کے مختلف اقدام پر بحث کیجیے۔

## متن پر مبنی سوالات کے جوابات

**18.1**

1۔ ایک سرچ انجن ایک سافٹ ویر پروگرام ہے جو الفاظ کی مدد سے جس کو ہم تلاش مواد کی اصطلاح کہتے ہیں ویب پر ان مقامات کی تلاش کرتا ہے۔ اس طرح انٹرنیٹ سرچ انجن ویب پر مخصوص مقامات ہیں اور جنہیں لوگوں کی مدد کے لیے ترتیب دیا گیا ہے تا کہ وہ دوسرے مقامات سے جہاں معلومات جمع ہیں معلومات حاصل کر سکیں۔ مختلف سرچ انجن کے کام کرنے کے طریقوں

## تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش

نوٹس

میں اختلاف ہوتا ہے۔

2۔ ایک وقتی تلاش کے ذریعہ، متلاشی کا مقصد ہوتا ہے کہ ایک موضوع پر جتنے بھی موزوں مواد جو مواد ہوں حاصل کر لیے جائیں ایک وقتی تلاش اپنی خصلت میں معلوماتی ہوتی ہے کیونکہ وسائل کے انبار سے متلاشی ایک مضمون پر مواد چاہتا ہے متلاشی مواد موضوع کے بارے میں پہلے سے معلومات رکھنے والا یا نہ رکھنے والا ہوسکتا ہے لیکن وہ اس کے بارے میں مزید پڑھنا یا سمجھنا چاہتا ہے۔ معلوماتی قسم کی تلاش کے پیچھے مقصد ہوتا ہے کہ اگر انٹرنیٹ پر معلومات ہے تو کچھ مل جائے۔

**18.2**

1۔ آسان تلاش مواد کا طریقہ کار ہے جس سے انٹرنیٹ سے معلومات حاصل کی جاتی ہے اور اس کے لیے سرچ انجن پر آسان بنیادی الفاظ کی مدد سے سوال درج کیا جاتا ہے۔

2۔ اعلیٰ سطحی طریقہ تلاش وہ طریقہ کار ہے جس میں تلاش کا بالکل موزوں جواب حاصل ہوسکے اور اس کے لیے مختلف الفاظ یا نشان استعمال کیے جاتے ہیں۔

**18.3**

1۔ ''اور توضیحی لفظ کے استعمال کا مقصد معلوماتی وسیلہ کی تلاش ہے جہاں دونوں اصطلاحیں، جو اس توضیحی الفاظ سے جڑی ہیں موجود ہیں۔

2۔ ''یا'' توضیحی لفظ مقصد اس معلوماتی کی تلاش ہے جہاں اس توضیحی لفظ سے منسلک دونوں اصطلاحوں میں سے کوئی ایک موجود ہے۔

3۔ ''نہیں'' توضیحی لفظ کا مقصد وہ معلومات درکار ہے جہاں پہلی اصطلاح تو موجود ہے لیکن دوسری نہیں موجود ہے۔

**18.4**

1۔ ویب ایم ڈی ایک وسیلہ صحت سے متعلق معلومات ہوتی ہے۔ بطور ایک اعلیٰ سطح صحت کی



نوٹس

جانکاری کے مرکز کی حیثیت سے اس پر ہر ماہ۔40 ملین تلاش ہوتی ہے۔

2۔ آسک جیویس اس لیے تشکیل کیا گیا انجن ہے جہاں لوگ روزانہ عام زبان میں سوال کر کے جو جوابات پاتے ہیں۔''آسک. کام'' پہلا تجارتی قسم کا سوال جواب کا سرچ انجن تھا۔

3۔ ڈیزل پوائنٹ مکمل متن تلاش جس میں ڈاٹا کے نیویگیشن کی بھی سہولت ہے۔اس سے نہایت موزوں نتیجہ برآمد ہوتا ہے جو نہ تو روایتی سرچ انجن سے ممکن ہے اور نہ ایس کیوایل مجموعۂ ڈیٹا ہے۔

18.5

1۔ گوگل اسکالر مکمل متن علمی مواد کا احاطہ کرتا ہے۔

2۔ ہندی، بنگلہ، گجراتی، مراٹی، کنٹر، پنجابی وہ ہندوستانی زبانیں ہیں گوگل جن سے متعلق تلاش مواد کر سکتا ہے۔

## مصطلحات

براؤز: ویب صفحہ کے ذریعہ براؤزر کرنے کا مقصد یہ دیکھنا ہے کہ وہاں کونسی معلوماتی ہیں اور کہ سلسلے آپ کو کس طرف لے جاتے ہیں۔ جب آپ براؤز کرتے ہیں تو آپ یہ اندازہ لگاتے ہیں کہ صفحہ پر کون سے الفاظ اور سلسلے آپ کی دلچسپی کے ہیں۔

براؤزر: سافٹ ویئر پروگرام جو انٹرنیٹ پر آپ کو ویب صفحات اور دوسرے مواد علمی کے دیکھنے میں معاون ہوتے ہیں۔ وہ ایچ ٹی ایم ایل کو ڈ فائل کو متن تصاویر آواز اور دوسرے خدوخال میں ترجمہ کر دیتے ہیں سب سے زیادہ استعمال کے براؤزر مائیکروسافٹ انٹرنیٹ ایکسپلورر، فائر فاکس، موزیلا، سفاری، اوپیرا اور کروم ہیں۔

ایچ ٹی ایم ایل: ہائیٹر ٹیکسٹ مارک آپ زبان

آئی ایس پی۔انٹرنیٹ سروس پرووائیڈر وہ کمپنی جو انٹرنیٹ کو سیدھے ایکسس فروخت کرتی ہے۔

ایل سی او سی: لائبریری آف کانگریس آن لائن کٹیلاگ



نوٹس

## تلاش مواد کے طریقے : ویب پر مبنی تلاش

میٹا سرچ انجن: ایسا سرچ انجن ہے جو آپ کے بنیادی لفظ برائے تلاش معلومات کو خود بخود کئی دوسرے متلاشی آلات پر منتقل کر دیتا ہے اوران کے ڈیٹا مجموعہ سے نتائج برآمد کر لیتا ہے۔

سرور/ ویب سرور: ایک کمپیوٹر جو اس سافٹ ویر کو عمل میں لاتا ہے اور جو ایک آئی پی پتہ تفویض کرتا ہے اور انٹرنیٹ سے واسطہ بن جاتا ہے تو یہ ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو کے کے ذریعہ مواد علمی مہیا کرسکتا ہے۔

سائٹ ویب سائٹ: یہ اصطلاح اکثر ویب پیج /صفحہ کے معنوں میں استعمال کی جاتی ہے اگرچہ دونوں میں ایک فرق ہے۔ ایک ویب پر پیج ایک تنہا وجود ہے، ایک یوآرایل، ا یک فائل جو آپ آپ ویب پر پاتے ہیں ۔ ایک ''سائٹ/ مقام صحیح معنوں میں ایک دوسرے سے تعلق رکھنے والے صفحات کے ایک مجموعہ کا مقام ہے، اجتماعی جگہ ہے جو اس سائٹ کو تشکیل دیتی ہے۔

یونی کوڈ : کوڈنگ کی اسکیموں کا مجموعہ جس کا مقصد مختلف کوڈنگ کی اسکیموں کو جو اس وقت دنیا میں زیر استعمال ہیں بدل فراہم کرتا ہے۔ یونی کوڈ کے اجتماعی ادارہ نے اس کا ابتدائی معیار ترتیب دیا تھا۔ یونی کوڈ ٹرانسفارمیشن فارمیٹ ۔ 16 (یو ٹی ایف ۔16 )1991 میں دیوناگری (ہندی)، بنگالی، چینئ، جاپانی، کوریائی وغیرہ کے کثیر پیچیدہ الفبائی کی معاونت کے لیے ایک میعاری کوڈنگ اسکیم کے طور پر یونی کوڈ کنسوریلم کو فروغ دیا گیا۔

URL: یونیفارم ری سورس لوکیٹر، یہ کسی دستاویز کا منفرد پتہ ہے۔

مقامی زبان(vernacular): مقامی زبان ملکی یا دیسی زبان یا مخصوص آبادی کمیونٹی یا خطے کی دیسی بولی ہے۔

www: ورلڈ وائیڈ ویب

## ویب سائنس

http://www.thesearchenginelist.com/

htt://www.ncbi.nlm.nih.gov

www.swse.org

htt://www.w3.org/standards/senmanticweb/

htt://www.google.com

http://www.yahoo.com